پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ
10/12/2021

اضافی تغذیہ کے لیے مرکزی جز کے 5 ارب 30 کروڑ 63 لاکھ 11 روپے منظور

لکھنؤ: 10 ردسمبر 2021

ریاستی حکومت کے ذریعہ رواں مالیاتی سال کے لیے تغذیہ پروگرام کے تحت اطفال ترقیاتی اسکیموں پر ریاستی حکومت کے ذریعہ دی جانے والی تغذیہ میں مجوزہ رقم کے مقابلہ مالیاتی منظوری گئی ہے۔ اس ضمن میں ضروری حکم نامہ محکمہ اطفال ترقیات اور تغذیہ کے ذریعہ جاری کر دیا گیا ہے۔

جاری حکم نامہ کے مطابق مالیاتی سال 22-2021 میں تغذیہ پروگرام کے تحت مربوط اطفال ترقیاتی اسکیموں پر ریاستی حکومت کے ذریعہ دی جانے والی تغذیہ کے لیے مجوزہ رقم جز 301360 لاکھ روپئے کے مقابلہ اضافی تغذیہ کے لیے ممکنہ خرچ کے پیش نظر مرکزی 53063.11 لاکھ کی مالیاتی منظوری شرائط اور ضابطوں کے تحت دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆